© rasailojaraid.com



# رسیدِ تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں۔ ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے تحائف میں ایک تحفہ جناب مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب کی تازہ تصنیف......فقہ الزکاۃ لاھل الزکوۃ......کا ہے (یعنی زکوۃ کے مسائل)

زکوۃ کے عنوان پر متعدد مصنفین نے اپنے اپنے علم کی روشنی میں خامہ فرسائی کی ہے مفتی منیب الرحمٰن صاحب بھی ایک کتاب جناب عید محمد فریدی کی فرمائش پر لکھ چکے ہیں...... مفتی محمد رفیق الحسنی صاحب کی یہ کتاب ساڑھے چھ سو صفحات سے زاید حجم رکھتی ہے اور زکوۃ کے حوالہ سے جدید دنیا کے مسائل پر اس میں مفصل و مدلل گفتگو کی گئی ہے......کتاب کے ابواب میں زکوۃ و صدقات کے فضائل کے بعد زکوۃ کے مسائل پر مفتی صاحب نے خوب لکھا ہے......درج ذیل موضوعات دورِ حاضر کے اعتبار سے اہم ہیں......مال کی تعریف، ہدیہ اور صدقہ میں فرق، جواہر پر زکوۃ، نصاب کے ہلاک اور استہلاک اور استبدال کے فروعات، قرض اور عاریۃ دئے جانے والے مال پر زکوۃ، بینکوں میں رہن رکھے گئے زیورات پر زکوۃ، ملکِ تام اور ملک ناقص، دم مسفوح اور مردار کا مال ہونا، فضاء اور ہوا کا مال ہونا، حرام، مباح الانتفاع جانوروں کی بیع وشراء، مالِ ضمار، دین مؤجل، پراویڈنٹ فنڈ پر زکوۃ، زرِ ضمانت پر زکوۃ، جہیز کے زیورات پر زکوۃ، زکوۃ میں عصر حاضر کے عرف کی رعایت، نقود وعروض کی زکوۃ......دار الحرب کے مسائل......و دیگر سینکڑوں مسائل پر اس کتاب میں سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے......کتاب مفتیانِ کرام، علماء و مدارس کے

☆طہر قلبک من الحسد، ونقہ من الحقد، واخرج منہ البغضاء، وازل منہ الشحناء.☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اساتذہ وطلبہ کے لئے قیمتی سرمایہ ہے...... قیمت ۷۰۰ روپے۔ ناشر جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم گلستانِ جوہر کراچی فون نمبر 34619190 ہے اور مکتبہ غوثیہ پرانی سبزی منڈی کراچی نیز ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور و کراچی پر دستیاب ہے......

•

دوسرا تحفہ علامہ مفتی وزیر احمد صاحب کی کتاب کا ہے جس کا نام ہے...... عقائد، عبادات، معاملات اور اہم فکری مغالطے...... یہ کتاب حال ہی میں شائع ہوئی ہے اور مفتی صاحب نے بذاتِ خود ہمیں عنایت فرمائی ہے...... اس کتاب میں مفتی صاحب نے عقائد و معمولات میں پائی جانے والی بعض بے احتیاطیوں کا ذکر کیا ہے مثلاً...... اللہ تعالیٰ کو اللہ سائیں، اللہ میاں وغیرہ کہنا، ذاتِ خدا ذاتِ مصطفیٰ کے الفاظ استعمال کرنا، مفتی صاحب نے عبادات و معاملات پر بڑے حزم و جزم سے لکھا ہے۔ خداوند کریم سے عشق اور عاشقانِ رسول کی عقیدت کے حوالہ سے ایک جگہ مفتی صاحب لکھتے ہیں کہ...... عشق اللہ جل شانہ کے حق میں محال قطعی ہے اور ایسا لفظ بے ورود ثبوت شرعی حضرت عز شانہ کی شان میں بولنا ممنوع قطعی ہے...... اللہ تعالیٰ کو عاشق اور حضور ﷺ کو معشوق کہنا ناجائز ہے...... اسی طرح وعظ و بیان میں یا ویسے ہی یہ کہنا کہ ذاتِ خدا ہی ذاتِ مصطفیٰ اور ذاتِ مصطفیٰ ذاتِ خدا ہے کفر ہے اس پر توبہ و تجدید ایمان لازم ہے......

مفتی صاحب لیہ کے ایک دور افتادہ قریہ کے باسی ہیں مگر اردو ماشاء اللہ شہری مصنفین سے بھی عمدہ لکھتے ہیں...... اکتوبر ۲۰۱۴ میں شائع ہونے والی اس پونے تین سو صفحات سے زاید کی کتاب کا ہدیہ صرف ۲۰۰ روپے ہے کاغذ عمدہ اور جلد نفیس ہے...... طباعتِ کتاب شاہی ذوق کی آئینہ دار ہے۔ مکتبہ بارو یہ رضویہ...... آستانہ عالیہ پیر بارو شریف فتح پور ضلع لیہ نے شائع کی ہے اور مکتبہ بلال مین اعظم گیٹ جامع مسجد چوک اعظم لیہ، کرمانوالہ بک شاپ دربار مارکیٹ لاہور علاوہ ازیں ضیاء القرآن لاہور سے طلب کی جا سکتی ہے......

☆ اعتزل الناس الا من خیر، و کن جلیس بیتک، و اقبل علی شانک، و قلل من المخالطۃ. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تیسرا تحفہ...... فتاوی محمد عبد الغفور الوری ............ ہے۔ یہ کتاب صاحبزادہ احمد سعید الوری صاحب کی مرتب کردہ ہے۔ فتاوی کی ترتیب کا اصل محرک ایک مسئلہ کی تنقیح ہے اور وہ یہ ہے کہ اشیاء ستہ کی بیع میں تقابض یداً بید شرط ہے پھر احناف کے ہاں اشیائے اربعہ میں صحتِ بیع کے لئے مجلس میں تقابض بدلین شرط کیوں نہیں...... اس سوال کا جواب علامہ احمد سعید کاظمی صاحب نے نہایت شرح وبسط کے ساتھ دیا ہے جو اس کتاب کا اولین حصہ ہے۔ علاوہ ازیں ایک اور اہم مسئلہ سیاہ خضاب کے حوالہ سے اس میں بحوالہ بصورت استفتاء وفتوی آ گیا ہے۔ مفتی صاحب نے لکھا ہے کہ بزرگانِ دین کا معمول رہا ہے...... حضراتِ امام حسن وحسین رضی اللہ عنہما کے عمل سے بھی ثابت ہے امام زہری کا سیاہ خضاب لگانا بھی ثابت ہے...... نیز مسند احمد بن حنبل، سنن ابن ماجہ اور مصنف عبد الرزاق کے حوالہ سے ایک حدیث بھی نقل کی گئی ہے جو اس طرح ہے...... قال رسول اللہ ﷺ ان احسن ما اختضبتم به لهذا السواد ارغب لنسائكم فيكم واهيب لكم فى صدور عدوكم...... (ص ۲۰۸) ایک اور روایت بھی اسی سلسلہ کی مفتی صاحب نے ذکر کی ہے جو یوں ہے......... عن ابی هريرة رضى الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ان اليهود والنصارى لا يصبغون فخالفوهم قال عبدالرزاق فى حديثه قال الزهرى والامر بالاصباغ فاحلكها احب الينا ...... قال معمر وكان الزهرى يختضب بالسواد............ (ص ۲۰۸)......

کتاب میں عراق وامریکہ جنگ کے بارے میں دنیا کے مقتدر رہنماؤں کے خیالات بھی شامل ہیں............ نیز سورت روحانی اعلامیہ اور فورک تنظیم کے دستور پر ایک اہم فتوی بھی شامل ہے ...... الکحل ملی ادویہ کے استعمال کے مشروط جواز کا مسئلہ' اعضاء کی پیوندکاری کا جواز؟ مسئلہ منبریہ' اور دیگر متعدد مسائل پر گفتگو موجود ہے......

کتاب بڑے سائز میں طبع ہوئی ہے اور اس کی دیگر خوبیوں کے علاوہ ایک اہم خوبی یہ ہے کہ اسے اس شاندار طریقے سے چھپوایا گیا ہے کہ نظر کا چشمہ استعمال کرنے والے بغیر چشمہ کے اسے پڑھ سکتے

☆ الکتاب احسن الاصحاب، فسامر الکتب، وصاحب العلم، ورافق المعرفۃ۔ ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں......آج کل اکثر کتب ۱۴ یا ۱۵ فونٹ سائز میں چھپتی ہیں مگر بھلا ہو صاحبزادہ صاحب کا کہ انہوں نے اسے چوبیس سے چھتیس فونٹ میں شائع کر کے بہت سے عمر رسیدہ وکمزور نظر لوگوں پر احسان فرمایا ہے اگر چہ اس سے کتاب کا حجم تو کچھ بڑھ گیا ہے مگر کارِ خیر ہے انشاء اللہ اس پر بھی اجر ملے گا......سوا چار سو سے زاید صفحات کی یہ کتاب خوبصورت سرورق کے ساتھ جامعہ فیاض العلوم رائیونڈ سے شائع ہوئی ہے......اور اس کی قیمت صرف چھ سو روپے ہے......یو کے میں یہ کتاب درج ذیل پتہ پر دستیاب ہے : 71, Oxley Road Preston, Lanchashire(PR1 5QH ) England.UK.

مزید ایک تحفہ جناب ڈاکٹر عمیر محمود صدیقی صاحب کا ہمیں علامہ جہانگیر صدیقی صاحب سے ملا ہے جس کا نام ہے......تذکرہ قادیانی مع لطائف مرزا......یہ کتاب ۱۶۰ صفحات پر مشتمل ہے اور خوبصورت کارڈ ٹائیٹل کے ساتھ شائع ہوئی ہے......جناب عمیر محمود صدیقی اس سے قبل متعدد ومتنوع امور ومسائل پر لکھ چکے ہیں......ان کا تازہ شاہکار انجمن فدایان ختم نبوت پاکستان نے متعارف کرایا ہے......نوجوان نسل کے لوگوں کے لئے قادیانیت کو سمجھنے کے حوالہ سے یہ ایک اچھی کاوش ہے......کتاب کا ہدیہ ۱۵۰ روپے مقرر ہے مگر فی الحال بعض اہل ذوق اسے مفت بھی تقسیم کر رہے ہیں......حاصل کرنے کے لئے رابطہ کیجئے جامع مسجد قبا سیکٹر 5/G نیو کراچی فون نمبر 0300-8201774

ایک اور تحفہ جناب مولانا مقصود حنفی صاحب نے ہمیں عنایت فرمایا ہے اور وہ ہے......فقہ اسلامی کے سات بنیادی اصول......یہ کتاب ایک ہندی عالم مفتی محمد نظام الدین صاحب برکاتی کی مرتب کردہ ہے......کتاب میں فقہ اسلامی کے جن بنیادی سات اصولوں کا ذکر ہے وہ ہیں......ضرورت' حاجت' عموم بلوی' عرف' تعامل' دینی ضرورت ومصلحت اور ازالہءفساد......جناب مفتی نظام الدین صاحب نے جو جامعہ اشرفیہ مبارک پور میں صدر مفتی واستاذ ہیں اصول مذکورہ کو بنیاد بنا کر ان کی جامع تشریحات بیان کی ہیں......نیز ان اصولوں کی تعریف وتوضیح اور دائرہ اثر کی تحدید وتعیین کے ساتھ یہ بھی واضح فرمایا ہے کہ یہ اصول فقہائے کرام کی ذاتی اختراع نہیں بلکہ یہ سب قرآنی آیات اور احادیث نبویہ کی مضبوط بنیادوں

☆ الکون مبنی علی النظام ،فعلیک بالترتیب فی ملبسک وبیتک ومکتبک وواجبک. ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پر قائم ہیں...... زیر نظر کتاب عامۃ الناس کے پڑھنے کی نہیں تاہم مدارس کے فوقانی طلبہ اور یونیورسٹیوں کے اہلِ علم کے استفادہ کی چیز ہے۔

کتاب ساڑھے تین سو صفحات پر مشتمل ہے اور قیمت صرف چار سو روپے ہے ...... دار النعمان للطباعۃ والنشر نے اسے شائع کیا ہے مکتبہ قادریہ نزد عسکری پارک یونیورسٹی روڈ پرانی سبزی منڈی کراچی سے دستیاب ہے......

**تعارف رسائل وجرائد**

اس عنوان کے تحت ہم ان رسائل وجرائد کا مختصر تعارف پیش کرنے کی کوشش کریں گے جو کسی نہ کسی طور فقہ اسلامی کی خدمت میں مشغول ہیں...... ہر وہ رسالہ یا جریدہ جس میں فقہ اسلامی سے متعلق کوئی وقیع تحریر شائع ہوئی ہو تعارف میں شامل کیا جائے گا اگر چہ اس کا تعلق مسلمانوں کے کسی بھی مکتبِ فکر سے ہو......اور وہ کسی بھی زبان میں ہو۔ (مجلس ادارت)

آج کی نشست میں پیش خدمت ہے دو نئے رسائل کا تعارف جو ہمارے لئے نئے ہیں اگر چہ کافی عرصہ سے شائع ہو رہے ہیں کہ ہمیں ان کا کوئی شمارہ حال ہی میں موصول ہوا ہے......

چنانچہ پہلا رسالہ'ماہنامہ ضیائے مصطفیٰ ہے جو عارف والا سے شائع ہوتا ہے' ہمیں اس کا شمارہ نمبر ۱۲ دسمبر ۲۱۰۴ء موصول ہوا ہے' یہ مجلہ جناب صاحبزادہ ضیاء المصطفیٰ قادری اشرفی صاحب کی زیر ادارت دار العلوم حنفیہ نظامیہ عظمت الاسلام عارف والا سے عرصہ ۱۲ سال سے شائع ہو رہا ہے موجودہ شمارے پر جلد نمبر ۱۲ شمارہ نمبر ۱۲ درج ہے۔ اس کی مجلس تحریر میں ڈاکٹر ممتاز سدیدی' پروفیسر حافظ معاذ احمد قادری مولانا مسعود احمد سروری اور حافظ محمد اکرم راشد صاحبان کے اسمائے گرامی موجود ہیں...... زیر نظر شمارہ میں ہماری دلچسپی کا مضمون......عدلِ اجتماعی کا تصور واہمیت...... ہے جو جناب مولانا محمد اکرم راشد صاحب نے تحریر فرمایا ہے مگر اس اشاعت میں اس کی صرف ایک مختصر سی قسط شائع ہوئی ہے...... دیگر مضامین مسلکی' دعوتی' تبلیغی' اصلاحی ومعلوماتی' نوعیت کے ہیں ......۴۸ صفحات پر مشتمل اس رسالہ کا ٹائیٹل چہار رنگا اور خوبصورت ہے۔ رسالہ حاصل کرنے کے لئے بزم غوثیہ شعبہ تبلیغ دار العلوم حنفیہ نظامیہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عظمت الاسلام عارف والا سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

دوسرا رسالہ لاہور سے موصول ہوا ہے اور یہ ہے......اسلامی انقلاب اور روحانی اقدار کا داعی ......ماہنامہ دعوتِ تنظیم الاسلام......اس رسالہ کے بانی ابوالبیان پیر محمد سعید احمد مجددی (رحمۃ اللہ علیہ) ہیں......جبکہ مدیر اعلیٰ صاحبزادہ محمد رفیق احمد مجددی ہیں......دیگر مدیران میں حافظ تنویر حسین مجددی، شہزادہ محمد عارف مجددی، محمد فیاض مجددی کے اسمائے گرامی درج ہیں......یہ رسالہ بھی عرصہ ۲۶ سال سے شائع ہو رہا ہے اور زیر نظر شمارہ دسمبر ۲۰۱۴ شمارہ نمبر ۱۲ جلد نمبر ۲۶ ہے......اس کے حسنِ ترتیب پر نظر ڈالیں تو اس میں دعوتِ قرآن، دعوتِ حدیث، البینات، یادرفتگان، منقبت، تجزیات، حقائق اور لمحہ بہ لمحہ سرگرمیوں کی رپورٹس شامل ہیں مگر اس بار کوئی فقہی مضمون شامل اشاعت نہیں......اگرچہ سابقہ شماروں میں فقہی مضامین شائع ہوتے رہے ہیں......۱۲۱ بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ سے یہ رسالہ ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے......۶۴ صفحات پر مشتمل زیر نظر اشاعت کا گیٹ اپ بڑا ہی خوبصورت ہے......

ایک اور رسالہ کوہاٹ سے تشریف لایا ہے اس کا اسم گرامی......سہ ماہی المظاہر......ہے۔اور یہ جامعہ مظاہر علوم کا ترجمان، علمی، تحقیقی، اور دعوتی مجلہ ہے......زیر نظر شمارہ اس کا پہلا پہلا شمارہ ہے جو محرم ۱۴۳۶ھ میں شائع ہوا ہے اور یہ ۶۴ صفحات پر مشتمل ہے......اس کے مضامین میں، مذہب سائنس اور انسانی مسائل کا حل، درس نظامی کا ایک تحقیقی وتعارفی جائزہ، نصاب تعلیم پر کاری وار، عبادات و منہج اعتدال، ادب عربی کا المیہ، نصب الرایہ کا تعارف، ودیگر تحریریں شامل ہیں......ہماری دلچسپی کا موضوع ......عبادات و منہج اعتدال......رہا کہ اس میں قدرے فقہی باتیں ہیں......باقی تو معمول کے مضامین ہیں ......المظاہر کوہاٹ سے شائع ہوا ہے۔اس کا پتہ حسب ذیل ہے:......جامعہ مظاہر علوم پنڈی روڈ کوہاٹ......

اخي الفاضل......

☆تفكر فيمن سبقوك في مسيرة الحياة،

ممن عزل وحبس، وقتل وامتحن،

☆عليك بالمشي والرياضة، واجتنب الكسل والخمول، واهجر الفراغ والبطالة.☆

© rasailojaraid.com